# آجرین: سوشل سیکورٹی انتظامیہ کے عدم مماثلت کے خطوط کے بارے میں آپ کے جاننے لائق باتیں

## "SSA کی عدم مماثلت" کا خط کیا ہے؟

سوشل سیکورٹی انتظامیہ (Social Security Administration, SSA) کی عدم مماثلت کا خط، جس کو باضابطہ طور پر "آجر کے لیے تصحیح کی درخواست" (Employer Correction Request) کا نوٹس کہا جاتا ہے، ایک اطلاعی خط ہوتا ہے جس کی منشا آجر کی پُر کردہ معلومات اور SSA کے ریکارڈوں کے درمیان ایک ایسے تضاد کے بارے میں آجر کو متنبہ کرنا ہوتا ہے جو سوشل سیکورٹی کی مراعات کے مقاصد کے مدنظر کسی ملازم کی کمائی کے ریکارڈ کی درستگی کو متاثر کر سکتا ہے۔ خط بتاتا ہے کہ کسی ملازم کے نام اور/یا سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security number, SSN) کے بارے میں رپورٹ کردہ معلومات SSA کے ریکارڈوں میں درج نام اور/یا SSN سے مماثل نہیں ہیں۔ SSA نے یہ خطوط مارچ 2019 میں آجروں کو جاری کرنا دوبارہ شروع کیا، جو کام کئی سالوں سے نہیں ہوا تھا۔

## کیا SSA کی عدم مماثلت کا خط موصول ہونا کسی آجر یا ملازم کی جانب سے غلط کام کا نوٹس مانا جاتا ہے؟

نہیں۔ تضاد کئی وجہوں سے ہو سکتا ہے، جس میں ٹائپنگ، محرری کی غلطیاں، یا غیر رپورٹ کردہ نام کی تبدیلیاں شامل ہیں۔ SSA کے خط میں مذکور ہے: *"اس خط میں یہ بات مضمر نہیں ہے کہ آپ [آجر] یا آپ کے ملازم نے جان بوجھ کر حکومت کو ملازم کے نام یا SSN کے بارے میں غلط معلومات دیں۔"* [1]

## کیا SSA کی عدم مماثلت کا خط موصول ہونے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ملازم بلا دستاویز ہے یا بصورت دیگر بلا اجازت کام کر رہا ہے؟

نہیں۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، SSA کو عدم مماثلت کا خط جاری کرنے کا اشارہ دینے والے تضاد کئی وجہوں سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ SSA کے خط میں مذکور ہے: *"یہ خط آپ کے ملازم کے کام کے اجازت نامہ یا ترک وطن کی حیثیت کا پتہ نہیں لگاتا ہے۔"* امریکی محکمہ انصاف نے بھی کہا ہے کہ خط موصول ہونے کی وجہ سے آجروں کو یہ فرض نہیں کر لینا چاہیے کہ کسی نامزد ملازم کے ترک وطن کی حیثیت میں کوئی مسئلہ درپیش ہے۔[2]

## جن آجروں کو عدم مماثلت کا خط موصول ہوتا ہے انہیں کیا کرنا چاہیے؟

عدم مماثلت کا خط بتاتا ہے کہ آجروں کو چاہیے کہ اپنے ریکارڈوں کا جائزہ لیں اور اگر آجروں کے ریکارڈوں میں غلطیاں ہوں تو SSA کو تصحیح فراہم کریں تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ ملازمین کی اجرتیں SSA کے ریکارڈوں میں صحیح سے پوسٹ ہوتی ہیں اور ملازمین کو سوشل سیکورٹی کی درست مراعات موصول ہوتی ہیں۔ آجروں کو چاہیے کہ ملازمین کو خط کی ایک نقل فراہم کریں تاکہ ملازمین بھی یہ یقینی بنا سکیں کہ SSA کے پاس درست معلومات ہیں۔ SSA اپنی ویب سائٹ پر مزید معلومات فراہم کرتا ہے، جس میں نوٹس کا نمونہ، قدم بہ قدم ہدایات اور FAQs شامل ہیں: https://www.ssa.gov/employer/notices.html۔

جیسا کہ SSA کے خط میں مذکور ہے: *"آپ [آجر] کو چاہیے کہ کسی ملازم کے خلاف ناموافق کارروائی، مثلاً اس فرد کے خلاف چھنٹنی، معطلی، برخاستگی یا امتیازی سلوک کرنے کے لیے یہ خط استعمال نہ کریں، محض اس وجہ سے کہ اس کا SSN یا نام ہمارے ریکارڈوں سے مماثل نہیں ہے۔"*

## کیا آجروں سے 60 دنوں کے اندر تصحیح فراہم کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے؟

نہیں۔ SSA عدم مماثلت کے خطوط کو "آجروں کو عدم مماثلت سے متنبہ کرنے کی منشا سے اطلاعی خطوط" سے تعبیر کرتا ہے۔

اس کے علاوہ، SSA میں مذکور ہے کہ یہ نفاذ قانون سے متعلق ایجنسی نہیں ہے اور اوائل جون میں، کانگریس سے متعلق عہدیداران کے ساتھ یہ تصدیق کی کہ "یہ کوئی کارروائی نہیں کرتا ہے، نہ ہی [عدم مماثلت] کے خطوط کی تعمیل نہیں کرنے پر آجروں کے لیے SSA سے تعلق رکھنے والے کوئی نتائج برآمد ہوتے ہیں۔"[3]

---

[1] سوشل سیکورٹی انتظامیہ کے ریٹائرمنٹ، پسماندگان اور معذوری بیمہ سے متعلق آجر کے لیے تصحیح کی درخواست کا نمونہ https://www.ssa.gov/employer/notices/EmployerCorrectionRequest.pdf پر دستیاب ہے

[2] محکمہ انصاف، نام/سوشل سیکورٹی نمبر کی "عدم مماثلت" کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات، https://www.justice.gov/sites/default/files/crt/legacy/2010/12/29/FAQs.pdf

[3] سوشل سیکورٹی انتظامیہ کے کارگزار کمشنر، Nancy A. Berryhill، خط برائے اطلاعی مراسلت (EDCOR)/آجر کے لیے تصحیح کی درخواست (یعنی "عدم مماثلت") کے خطوط مخاطب بنام Hon. Jim Acosta (3 جون 2019)۔

[4] ایضاً۔

(اگلے صفحہ پر جاری)

## کیا **SSA** دوسری ایجنسیوں کے ساتھ ان آجروں اور ملازمین کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرتا ہے جن کے ریکارڈز مماثل نہیں ہوتے ہیں؟

SSA کے مطابق، عدم مماثلت کے خط کا ڈیٹا تحفظ یافتہ وفاقی ٹیکس کی معلومات ہے اور اسی وجہ سے SSA کو "[انٹرنل ریونیو کوڈ] سیکشن 6103 کے تحت جب تک مخصوص مقصد کے لیے اجازت نہیں ملی ہو تب تک دوسری ایجنسیوں کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنے سے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔" [4] SSA انٹرنل ریونیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) کے ساتھ معلومات کا اشتراک ضرور کرتا ہے کیونکہ SSA کو IRS کا ایک ایجنٹ مانا جاتا ہے۔

## آجرین اور ملازمین کس طرح مزید جان سکتے ہیں؟

آجرین قانونی مشیر یا صنعتی انجمنوں سے رجوع کر سکتے ہیں۔ ملازمین اپنی جائے کار کے نمائندوں سے رجوع کر سکتے ہیں اور/یا جہاں مناسب ہو وہاں تصحیحات کرنے میں قانونی اعانت طلب کر سکتے ہیں۔ ترک وطن سے متعلق قانونی مدد کے ضرورت مند نیو یارک کے باشندے 311 پر کال کر سکتے ہیں اور حوالے کے لیے "ActionNYC" یا "immigration legal services" بول سکتے ہیں۔

## **SSA** کے عدم مماثلت کے خطوط اور نیو یارک سٹی کے انسانی حقوق کے قانون کے تحت امتیازی سلوک سے بچنا

تضاد کے سبب کسی ملازم کے خلاف ناموافق کارروائی کرنے، جیسے ملازم کو چھٹی پر بھیج دینے یا ملازمت ختم کر دینے سے NYC کے انسانی حقوق کے قوانین (NYC Human Rights Law, NYCHRL) کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔ دیگر تحفظات کے ساتھ، NYCHRL آجروں کو ملازم کے حقیقی یا قیاسی ترک وطن کی حیثیت، ملکی بنیاد، یا کسی دیگر تحفظ یافتہ درجے کی رکنیت کی وجہ سے کسی ملازم کے خلاف، جزوی طور پر بھی، امتیازی سلوک کرنے سے ممنوع قرار دیتا ہے۔ جو آجر عدم مماثلت کی خط کی وصولیابی کو کسی ملازم کے ساتھ امتیازی سلوک کرنے یا اس کے خلاف انتقامی کارروائی کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے وہ $250,000 تک کے دیوانی ہرجانوں کا مستوجب ہو سکتا ہے اور اس سے متاثرہ ملازم کو نقصانات کا معاوضہ ادا کرنے کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے۔ ریاستی اور وفاقی قوانین بھی امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتے ہیں اور ہرجانے بھی لگاتے ہیں۔

عدم مماثلت کے خطوط پر مشتمل NYCHRL کی خلاف ورزیوں کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- ایک آجر کو عدم مماثلت کا خط موصول ہوتا ہے جس میں فلپائن سے ہجرت کرکے آنے والا ایک ملازم مندرج ہے۔ آجر طویل مدت سے ملازم کے لب و لہجے کی وجہ سے اس کی چھٹی کرنے کی تاک میں رہا ہے حالانکہ اس کی وجہ سے اپنا کام انجام دینے کی اس کی اہلیت متاثر نہیں ہوئی ہے، اور ملازم قانونی طور پر کام کرنے کا اہل ہے۔ عدم مماثلت کا خط موصول ہونے پر، آجر ملازم کی چھٹی کر دیتا ہے۔
- ایک آجر کو عدم مماثلت کا خط موصول ہوتا ہے جس میں عدم مماثلت کے مسائل بیان کیے گئے ہیں۔ آجر یہ فرض کرتا ہے کہ برطانوی تارک وطن کارکن کا اندراج ملازم کے ذریعے فراہم کردہ معلومات میں ایک غلطی کے سبب ہوا ہے۔ آجر ملازم کو خط کی ایک نقل دیتا ہے اور آگے کوئی کارروائی نہیں کرتا ہے۔ تاہم، آجر کو شبہ ہوتا ہے کہ عدم مماثلت کے خط میں مندرج کارکنان کے پاس، جو میکسیکو کے تارک وطن ہیں قانونی ترک وطن کی حیثیت نہیں ہے۔ آجر ان سے نئے I-9 فارم پُر کرنے اور کام کی اجازت دہندگی کا اصل ثبوت لانے کا مطالبہ کرتا ہے۔ کچھ کارکنان یہ معلومات نہیں لاتے ہیں؛ نتیجتاً آجر ان کی ملازمت ختم کر دیتا ہے۔ چونکہ آجر نے صرف میکسیکن نژاد ملازمین سے دستاویزی شہادت فراہم کرنے کا مطالبہ کیا لہذا یہ آجر NYCHRL کے تحت ملکی بنیاد یا ترک وطن کی حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا جوابدہ ہوگا۔

---

## آجروں کے لیے اضافی وسائل:

*I-9 اور ملازمت کی تصدیق کی کارروائی میں امتیازی سلوک سے کیسے بچیں:*
https://www.justice.gov/crt/page/file/1132606/download

*آجروں کے لیے شہریت کی حیثیت کے تعلق سے امتیازی سلوک کے بارے میں معلومات:*
https://www.justice.gov/crt/page/file/1080256/download

*امریکی محکمہ انصاف کی SSA کی عدم مماثلت کی رہنمائی:*
https://www.justice.gov/crt/ssa-no-match-guidance-page

- ایک ملازم سے سیاہ فام ملازمین کے لیے غیر منصفانہ شرائط اور ضوابط کے بارے میں کام پر درشت لہجے میں بات کی گئی ہے۔ بعد میں آجر کو عدم مماثلت کا ایک خط ملا جس میں اس ملازم کے لیے عدم مماثلت کا ذکر کیا گیا تھا۔ آجر امتیازی سلوک کی اس ملازم کی شکایت کے جواب میں ملازم کو نوکری سے نکالنے کا فیصلہ کرتا ہے اور نوکری سے نکالنے کے لیے ایک حیلہ کے طور پر عدم مماثلت کا خط استعمال کرتا ہے۔ یہ آجر NYCHRL کے تحت انتقامی کارروائی کا جوابدہ ہوگا کیونکہ اس نے تحفظ یافتہ سرگرمی میں ملازم کی شمولیت کے سبب ایک ملازم کے خلاف ناموافق کارروائی کی ہے۔